# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب


21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment


## پریس ریلیز

**محکمہ زراعت پنجاب نے یکم تا 10 دسمبر گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے سفارشات جاری کر دیں۔کاشتکاروں کو بوائی کے لئے 50 تا 55 کلوگرام فی ایکڑ بیج استعمال کرنے کی ہدایت۔**

**لاہور30نومبر2021:** ترجمان محکمہ زراعت کے مطابق **پنجاب کے آبپاش علاقوں** کے کاشتکار گندم کی منظور شدہ اقسام ڈلکش-21، بہجانی-21 ،ایم ایچ-21، اکبر19 ،غازی19 ،بھکر سٹار، اناج2017 ،زنکول2016 ، بورلاگ2016 اور اجالا2016 جبکہ **پنجاب کے تمام جنوبی اضلاع گندم کی کاشت کے لئے** گولڈ2016، جوہر2016، آس2011،ملت2011 اور **پنجاب کے تمام آبپاش علاقے کلراٹھی اور پانی کی کمی والے علاقہ جات کے لئے** فیصل آباد2008 کی کاشت یکم تا10 دسمبر تک مکمل کریں۔کاشتکار یکم تا 10 دسمبر 50 سے 55 کلوگرام بیج فی ایکڑ استعمال کریں اور بیج کے اُگاؤ کی شرح 85 فیصد سے ہرگز کم نہیں ہونی چاہیے۔گندم کی مختلف بیماریوں میں کانگیاری، کرنال بنٹ ،گندم کی بلاسٹ اور اکھیڑا وغیرہ زیادہ نقصان دہ ہیں جو کہ پیداوار میں نقصان کا باعث بنتی ہیں ان بیماریوں سے بچاؤ کے لئے بیج کو بوائی سے پہلے تھائیوفنیٹ میتھائل بحساب دو تا اڑھائی گرام فی کلوگرام بیج یا امیڈا کلوپرڈ+ٹیبوکونازول بحساب 4 ملی لٹر فی کلوگرام بیج لگائیں۔بہتر ہے کہ بیج کو زہر لگانے کے لئے گھومنے والا ڈرم استعمال کیا جائے اگر یہ میسر نہ ہو تو پلاسٹک کی ایک بوری میں وزن شدہ بیج اور سفارش کردہ زہر ڈال کر بوری کا منہ باندھ کر اور دونوں طرف سے پکڑ کر اچھی طرح ہلائیں تاکہ بیج کے ہر دانے کو زہر لگ جائے خیال رہے کہ بوری کو تقریباً آدھا بھرا جائے۔گندم کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے کھیت کا تیار اور ہموار ہونا بہت ضروری ہے۔ وریال کھیتوں میں دو یا تین دفعہ ہل چلائیں اور جہاں کہیں زمین کو ہموار کرنا ضروری ہو کراہ یا لیزر ریلولر سے زمین کو ہموار کریں۔راؤنی سے پہلے کھیتوں کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کریں تاکہ کم پانی سے زیادہ رقبے پر راؤنی ہو سکے۔جب بوائی کا وقت نزدیک آئے تو سورج نکلنے سے پہلے ہل چلائیں اور سہاگہ دیں۔یہ عمل 2 یا 3 بار دوہرانے سے جڑی بوٹیاں تلف ہو جائیں گی اور زمین کی نیچے کی نمی اوپر آجائے گی جو گندم کے اچھے اگاؤ کی ضامن ہوگی۔راؤنی کے بعد وتر آنے پر زمین کو 2 یا 3 دن کے لئے کراہ یا سہاگہ چلا کر دبا دیں اس سے ڈھیلے وغیرہ نہیں بنتے اسے رمبڑ کہتے ہیں رمبڑ کے بعد دوہرا ہل چلا کر سہاگہ دیں اور 8 سے 10 دن تک زمین کو یونہی رہنے دیں تاکہ جڑی بوٹیوں کے بیج اگ آئیں اور بعد ازاں بوائی کے لئے ہل چلا کر ان کو ختم کر دیں۔کاشتکار جڑی بوٹیوں کی کیمیائی تلفی کے لئے محکمہ زراعت کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔

☆☆☆☆